nyckidsrise.org
833-543-7473

NYC KiDS RiSE™
Save for College Program

اکثر پوچھے گئے سوالات

والدین اور سرپرستوں کے لیے وسائل

5 اہم باتیں جو آپ کو معلوم ہونی چاہئیں

1. وہ تمام فیملیاں جن کے یہاں کنڈرگارٹن یا پہلے گریڈ والے ایسے طلبہ ہیں جن کا NYC پبلک اسکول (بشمول شرکت کنندہ چارٹر اسکولوں) میں اندراج ہے کالج کے لیے بچت پروگرام (Save for College Program) میں شرکت کرنے کی اہل ہیں، چاہے آن کی آمدنی یا امیگریشن کی حالت جو بھی ہو۔

2. اگر اہل ہوئے تو پروگرام میں آپ کے بچے کا **اندراج خود بخود** ہو جائے گا اِلّا یہ کہ آپ شرکت نہ کرنے کا انتخاب کریں اور آپٹ آؤٹ کریں۔

3. اندراج ہو جانے پر، آپ ایک استقبالیہ کٹ موصول کریں گے جس میں اس بابت معلومات ہوں گی کہ اپنے بچے کا مفت NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ (NYC Scholarship Account) کیسے چالو کریں، جس میں NYC Kids RISE کی طرف سے آپ کے بچے کے نام سے 100$ کی ابتدائی رقم مختص ہوگی۔

4. اپنے بچے کا NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ چالو کرنے کے بعد، آپ اضافی انعامات حاصل کرنے کے لیے دیگر بنیادی اقدامات —بلڈنگ بلاکس کے بطور معروف— مکمل کر سکتے ہیں۔

5. NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ میں موجود رقم کا استعمال کالج یا کیریئر کی تربیت کے متنوع اخراجات کے لیے کیا جا سکتا ہے۔

1. NYC Kids RISE کا کالج کے لیے بچت پروگرام کیا ہے؟

NYC Kids RISE کا کالج کے لیے بچت پروگرام (Save for College Program) ایک اسکالرشپ اور بچت پروگرام ہے جسے NYC پبلک اسکول کے تمام طلبہ کے لیے—ان کی فیملی کی آمدنی اور ترک وطن کی حالت سے قطع نظر—کالج اور کیریئر کے لیے تربیت کو اور زیادہ قابل رسائی بنانے کے لیے تیار کیا گیا ہے۔

کالج کے لیے بچت پروگرام کے ذریعہ NYC پبلک اسکول (بشمول شرکت کنندہ چارٹر اسکولز) میں اندراج یافتہ کنڈرگارٹن کا ہر طالب علم خود بخود ایک NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ (NYC Scholarship Account) نیز ان کی جانب سے 100$ کی ابتدائی تفویض موصول کرتا ہے، الّا یہ کہ ان کے والدین یا سرپرست پروگرام سے "آپٹ آؤٹ" کریں۔ فیملیاں انعامات کے مد میں اس اکاؤنٹ میں اضافی اسکالرشپ فنڈز حاصل کر سکتی ہیں۔ کمیونٹیاں ہر بچے کی کامیابی کے لیے اپنے کمیونٹی سپورٹ کا اظہار کرنے کے لیے NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ کے گروپوں میں اضافی رقم دے کر بھی تعاون کر سکتی ہیں۔

NYC اسکالرشپ اکاؤنٹس کے لیے مختص کردہ فنڈز کی سرمایہ کاری New York's 529 College Savings Program *Direct Plan* کے ایک اکاؤنٹ میں کی جاتی ہے جو شرکت کنندہ طلبہ کی جانب سے ایک غیر منفعتی تنظیم NYC Kids RISE کی زیر ملکیت اور زیر انتظام ہوتا ہے۔ والدین اور سرپرستوں کو NYC اسکالرشپ اکاؤنٹس میں رقم جمع کرنے یا ان سے رقم نکالنے کی اجازت نہیں ہے کیوں کہ ان کا استعمال شرکت کنندہ طالب علم کے ذریعہ صرف مستند اعلی تعلیم کے اخراجات کے لیے کیا جا سکتا ہے۔ اگر پروگرام میں شامل کوئی طالب علم کنڈرگارٹن مکمل کرنے کے بعد 20 سالوں کے اندر NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ کے فنڈز کا دعوی نہیں کرتا ہے تو وہ فنڈز واپس NYC Kids RISE کو چلے جائیں گے جن کا استعمال وہ مستقبل میں کالج کے لیے بچت پروگرام کے طلبہ کے لیے کرے گی۔

تاہم، کسی شرکت کنندہ طالب علم کے والدین یا سرپرست کی حیثیت سے آپ پروگرام کے ذریعہ کالج اور کیریئر کے لیے بچت کا کوئی ایسا اکاؤنٹ کھول سکتے ہیں اور / یا مربوط کر سکتے ہیں جس کے آپ اپنے بچے کے فائدے کے لیے مالک ہوتے ہیں۔ پھر، آپ ان طریقوں اور رقوم میں بچت شروع کر سکتے ہیں جو آپ کے مالی کوائف کے لحاظ سے مناسب ہوں۔

مجموعی طور پر، کالج کے لیے بچت پروگرام والدین اور سرپرستوں، فیملی کے افراد، دوست و احباب، اسکولوں، کمیونٹیوں، کاروباروں اور حکومت کو ہر بچہ کے لیے اثاثے تعمیر کرنے اور تعلیمی اور اقتصادی کامیابی کی توقعات میں تعاون کرنے کے لیے باہم کام کرنے کے قابل بناتا ہے۔

2. کالج کے لیے بچت پروگرام میں شرکت کے لیے کون اہل ہے؟

تعلیمی سال 2022-2023 تک، کسی NYC پبلک اسکول (بشمول شرکت کنندہ چارٹر اسکولز) میں اندراج یافتہ کنڈرگارٹن اور پہلے گریڈ کا ہر طالب علم شرکت کر سکتا ہے—ان کی فیملی کی آمدنی یا ترک وطن کی حیثیت معنی نہیں رکھتی ہے۔

چونکہ یہ پروگرام پہلی بار 2017 میں جغرافیائی اسکول ڈسٹرکٹ 30 میں شروع کیا گیا تھا، لہذا 39 پائلٹ اسکولوں میں کنڈرگارٹن سے پانچویں گریڈ تک کا ہر طالب علم شرکت کرنے کا اہل ہے۔

اہل طلبہ کے لیے کالج کے لیے بچت پروگرام میں مندرج ہونے کے لیے لازمی ہے کہ وہ کم از کم 60 دن تک کسی شرکت کنندہ اسکول میں حاضر ہوں۔

3. میں کس طرح شرکت کروں گا؟

اگر آپ کا بچہ اہل ہے تو کالج کے لیے بچت پروگرام شروع کرنا آسان ہے! طریقہ حسب ذیل ہے:

- بس کوئی اقدام نہ کریں جب آپ کو اپنے بچے کے اسکول کی طرف سے یہ نوٹس موصول ہو کہ آپٹ آؤٹ کی کارروائی شروع ہو گئی ہے (اس وقت آپ آپٹ آؤٹ کی کارروائی کے بارے میں معلومات موصول کریں گے)۔
- آپٹ آؤٹ کی کارروائی ختم ہونے کے بعد، آپ کے بچے کا کالج کے لیے بچت پروگرام کے لیے خود بخود اندراج ہو جائے گا اور NYC Kids RISE ایک NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ (NYC Scholarship Account) تخلیق کرے گی اور آپ کے بچے کی جانب سے ایک ابتدائی 100$ کی رقم مختص کرے گی۔
- آپ ایک استقبالیہ کٹ موصول کریں گے جس میں اضافی معلومات اور NYC Kids RISE کی جانب سے ہدایات ہوں گی۔ اگر آپ موسم خزاں میں آپٹ آؤٹ نہیں کرتے ہیں تو آپ کو نئے سال میں اپنے بچے کے اکاؤنٹ کو فعال کرنے پر قادر ہونے کی توقع کرنی چاہیے۔ (اگر آپ بعد کی کسی تاریخ میں اندراج کراتے ہیں تو کب آپ اپنے بچے کا اکاؤنٹ فعال کر سکتے ہیں اس کے لیے مقررہ وقت مختلف ہو سکتا ہے۔)
- جب آپ استقبالیہ کٹ موصول کر چکیں تب آن لائن پلیٹ فارم، سیونگ ٹریکر (Savings Tracker) (ایک آن لائن پورٹل جس پر والدین/سرپرست حضرات اپنے بچے کا NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ دیکھ سکتے ہیں) پر رجسٹر

کر کے وقت گزرنے پر اپنے بچے کا NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ فعال کریں اور اسے ٹریک کریں۔ آپ اس بارے میں بھی معلومات موصول کریں گے کہ اس پروگرام میں دیگر بنیادی اقدامات کیسے کریں۔

4. کالج کے لیے بچت پروگرام کا "اسکالرشپ" حصّہ کس طرح کام کرتا ہے؟

پروگرام میں آپ کے بچے کے اندراج کے بعد، NYC Kids RISE ایک NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ (NYC Scholarship Account) تخلیق کرے گی اور خود کار طریقے سے آپ کے بچے کے تعلیمی مستقبل کے ضمن میں 100$ کی رقم مختص کر دے گی۔ وقت گزرنے کے ساتھ، NYC Kids RISE آپ کی فیملی کے لیے آپ کے بچے کے NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ کے لیے مزید رقم کمانے کے لیے مواقع فراہم کرے گی۔ کمیونٹی تنظیمیں، کاروبار اور دیگر لوگ بھی آپ کے بچے کے کالج اور کیریئر کے اہداف تک پہنچنے میں ان کی مدد کے لیے اسکالرشپ اکاؤنٹس میں اضافہ کر سکتے ہیں۔

NYC Kids RISE جو کہ ایک غیر منفعتی تنظیم ہے شرکت کنندہ طلبہ کی طرف سے اسکالرشپ فنڈز کی مالک اور منتظم ہے اور وہ ان فنڈز کو *NY 529 Direct Plan* میں *لگاتی ہے جو اعلی تعلیم کے لیے بچت کرنے میں مدد کی غرض سے صراحتی طور پر ڈیزائن کردہ سرمایہ کاری اکاؤنٹ کی ایک قسم ہے۔ NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ کو وقت کے ساتھ رقم کا فائدہ یا نقصان ہو سکتا ہے، جس کا انحصار صرافہ بازاروں اور سرمایے کی کارکردگی پر رہے گا۔*

اگر آپ کسی اہل بچے کے والدین یا سرپرست ہیں تو جب تک آپ پروگرام سے آپٹ آؤٹ نہیں کرتے ہیں NYC Kids RISE آپ کے بچے کے نام سے NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ تخلیق کرے گی اور اس کے لیے فنڈ فراہم کرے گی۔ جب آپ کے بچے کا NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ بن جائے گا تب آپ NYC Kids RISE سے ایک استقبالیہ کٹ موصول کریں گے۔ آپ کے بچے کا NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ فعال کرنے اور وقت کے ساتھ اس میں مختص کردہ اسکالرشپ فنڈز دیکھنے کے لیے:

- آپ کو رقم جمع کرنے کی ضرورت نہیں ہوگی
- آپ کے لیے اپنا سوشل سیکورٹی نمبر (Social Security Number, SSN)، انفرادی ٹیکس دہندہ کا شناختی نمبر (Individual Taxpayer Identification Number, ITIN)، بینک اکاؤنٹ، یا کریڈٹ کارڈ کی معلومات فراہم کرنا ضروری نہیں ہوگا
- آپ کے لیے معاشی حالت یا امیگریشن کی حالت کی معلومات فراہم کرنا ضروری نہیں ہوگا
- اس میں حصّہ لینے کے لیے زیادہ سے زیادہ یا کم سے کم آمدنی کی شرط نہیں ہے

5. کالج کے لیے بچت پروگرام کا "بچتیں" والا حصہ کس طرح کام کرتا ہے؟

آپ کے بچے کا NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ (NYC Scholarship Account) انہیں موصول ہونے کے بعد، آپ اور آپ کی فیملی کے لیے درست کالج اور کیریئر کے لیے بچت کا منصوبہ بنانے کے طریقے سے متعلق آپ کو مزید معلومات موصول ہوں گی۔ اپنے بچے کے NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ میں لگائے گئے پیسے کو بڑھانے کے لیے، آپ پروگرام کے ذریعہ اپنے بچے کے فائدے کے لیے کالج اور کیریئر کے لیے ایک بچت اکاؤنٹ کھول اور مربوط کر سکتے ہیں جس کے مالک آپ ہوتے ہیں۔ آپ NY ABLE بچت پروگرام (NY ABLE Savings Program) میں بھی ایک اکاؤنٹ کھولنے اور/یا اسے مربوط کرنے کا انتخاب کر سکتے ہیں، بشرطیکہ شرکت کنندہ طالب علم اس قسم کے اکاؤنٹ کے لیے اہل ہو۔[1]

NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ کے برخلاف جو آپ کے بچے کی مستقبل کی تعلیم کے لیے NYC Kids RISE کی ملکیت اور اس کے زیر انتظام ہوتا ہے، آپ کی فیملی آپ کے مربوط اکاؤنٹ کی مالک ہوتی ہے۔ آپ، آپ کے رشتہ دار اور آپ کے دوست واحباب اس اکاؤنٹ میں براہ راست تعاون کر

---

[1] The Stephen Beck, Jr. کے بہتر زندگی کا تجربہ حاصل کرنا (Achieving a Better Life Experience، ABLE) ایکٹ 2014 کے ذریعے اجازت یافتہ، ABLE اکاؤنٹس ٹیکس کی مراعات یافتہ بچت کے وہ اسباب ہیں جن سے معذور افراد کو معذوری سے متعلقہ اخراجات کے لیے بچت کرنے کی سہولت ملتی ہے، نیز سپلیمنٹل سیکورٹی انکم (Supplemental Security Income, SSI) اور Medicaid جیسے اعانتی پروگراموں سے اپنی منفعتوں سے محروم ہونے کا خطرہ نہیں ہوتا ہے (کچھ پابندیاں لاگو ہوتی ہیں)۔

NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ (NYC Scholarship Account) کے ماحصل کو NY ABLE پروگرام کے کسی اکاؤنٹ کی بجائے New York's 529 College Savings Program کے 529 اکاؤنٹ میں رکھا جاتا ہے۔ لہذا تقسیم کے وقت، اس طرح کے اکاؤنٹ کے ماحصل کو NY ABLE اکاؤنٹ کے مالکان کو موصول ہونے والی ضرورت پر مبنی منفعتوں کے سلسلے میں اثاثہ کے بطور شمار کیا جا سکتا ہے۔

سکتے ہیں۔ اس بات پر انحصار کرتے ہوئے کہ آپ کس قسم کا بچت اکاؤنٹ منتخب کرتے ہیں، آپ کی فیملی آن لائن NYC Kids RISE کے سیونگ ٹریکر (Savings Tracker) (ایک آن لائن پورٹل جس پر والدین/سرپرست حضرات اپنے بچے کا NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ دیکھ سکتے ہیں) کے ذریعہ اپنے بچے کے NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ کے ساتھ ساتھ اپنے خود کے بچت بیلنس کا پتہ لگا سکتی ہے۔

nyckidsrise.org/open-savings-account ملاحظہ کر کے، کسی NYC Kids RISE کی ورچوئل ورکشاپ میں شرکت کر کے، (833-543-7473) 833-KID-RISE پر ہماری ہاٹ لائن کو کال کر کے، info@nyckidsrise.org پر ہمیں ای میل کر کے، NYC Kids RISE میں کسی نمائندے سے بات کرنے کے لیے ایک اپائنٹمنٹ طے کر کے، یا کسی NYC معاشی تقویت سے متعلق مرکز (NYC Financial Empowerment Center) پر مفت معاشی صلاح کی غرض سے ملاقات میں جا کر بچت اکاؤنٹ کے اپنے اختیارات کے بارے میں جانیں۔

6. NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ میں موجود رقم کس مد میں استعمال کی جا سکتی ہے؟ کیا اس بارے میں کوئی پابندیاں ہیں کہ اس کا استعمال کس طرح کیا جا سکتا ہے؟ اگر میرا بچہ کالج نہیں جاتا ہے تو ایسی صورت میں کیا ہوگا؟

NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ (NYC Scholarship Account) میں موجود رقم کی سرمایہ کاری NY 529 *Direct Plan* میں کی جاتی ہے اور اس کا استعمال متعدد اعلی تعلیم سے متعلق اخراجات کے لیے کیا جا سکتا ہے۔ اگرچہ 529 اکاؤنٹ کو کالج کے لیے بچت کا ایک اکاؤنٹ کہا جاتا ہے، مگر اس اکاؤنٹ کا استعمال امریکہ میں اور بیرون ملک کسی بھی اہل ادارے میں مستند اعلی تعلیمی اخراجات کے لیے کیا جا سکتا ہے۔ روایتی 4 سالہ کالج اور یونیورسٹیوں کے علاوہ، اہل اداروں کی دیگر اقسام میں کمیونٹی کالجز، تجارتی اور حرفتی اسکول، اہل اپرنٹسشپ پروگرام اور آن لائن ڈگری پروگرام شامل ہیں۔ اسکالرشپ فنڈز کا استعمال ٹیوشن، فیس، ساز وسامان، کچھ قیام وطعام کے اخراجات اور حتی کہ درسی کتابوں کے لیے کیا جا سکتا ہے جن کا اکثر دیگر اسکالرشپس کے تحت احاطہ ہوتا ہے۔ اہل قرار پانے والے اعلی تعلیمی اخراجات کی ایک مکمل فہرست کے لیے nysaves.org ملاحظہ کریں۔

اگر پروگرام میں شامل کوئی طالب علم کنڈرگارٹن مکمل کرنے کے بعد 20 سالوں کے اندر NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ کے فنڈز کا دعوی نہیں کرتا ہے تو وہ فنڈز واپس NYC Kids RISE کو چلے جائیں گے جن کا استعمال وہ مستقبل میں کالج کے لیے بچت پروگرام کے طلبہ کے لیے کرے گی۔

NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ میں موجود رقم کا استعمال کنڈرگارٹن سے لے کر گریڈ 12 تک کے کسی اخراجات کے لیے نہیں کیا جا سکتا ہے، بشمول ان کے جو وفاقی قانون کے تحت اہل قرار پاتے ہیں۔

براہ کرم نوٹ کر لیں کہ NYC Kids RISE تقسیم کرنے کے وقت معذور طلبہ کے لیے کسی NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ کے فنڈز کسی NY ABLE اکاؤنٹ میں منتقل کرنے کے لیے اہل ہونے کے طریقے دریافت کر رہی ہے۔

7. اگر میں آپٹ آؤٹ نہیں کرتا ہوں تو NYC Kids RISE کالج کے لیے بچت پروگرام میں میرے بچے کا اندراج کرنے کے لیے میرے بچے کے اور میرے بارے میں کون سی معلومات حاصل کرتی ہے؟

NYC Kids RISE شرکت کنندہ ہر طالب علم کے لیے NYC محکمۂ تعلیم (NYC Department of Education) سے درج ذیل معلومات حاصل کرتی ہے:

- طالب علم اور والدین کے شناختی نمبر جو پروگرام کے لیے منفرد ہوتے ہیں؛
- طالب علم کا پورا نام؛
- طالب علم کی تاریخ پیدائش؛
- طالب علم کا گھر کا پتہ؛
- آیا طالب علم کے گھر کا پتہ تبدیل ہوتا ہے؛
- طالب علم کے گھر کا فون نمبر؛
- طالب علم کے اسکول کا نام؛
- طالب علم کی موجودہ گریڈ سطح؛
- طالب علم کے گھر پر بولی جانے والی زبان (زبانیں)؛
- NYC پبلک اسکول سسٹم کے اندر اور باہر دونوں جگہ دیگر اسکولوں میں ہونے والی منتقلیاں، اگر کوئی ہوئی ہو۔

NYC Kids RISE فی شرکت کنندہ طالب علم کے دو تک والدین یا سرپرستوں کے لیے درج ذیل معلومات بھی حاصل کرتی ہے:

- والدین یا سرپرست کا پورا نام؛
- والدین یا سرپرست کا ای میل پتہ؛
- والدین یا سرپرست کا سیل اور/یا دیگر فون نمبر۔

یہ اُس جیسی ہی معلومات ہیں جو آپ اسکول میں اپنے بچے کا اندراج کراتے وقت "بلو کارڈ" پر جمع کراتے ہیں۔ یہ ڈیٹا NYC Kids RISE کے لیے شرکت کنندہ ہر بچے کے

لیے ایک NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ (NYC Scholarship Account) تخلیق کرنے اور ہر ایک میں 100$ کی ابتدائی رقم مختص کرنے کو ممکن بناتا ہے۔ NYC Kids RISE فیملی کی تمام معلومات کے سلسلہ میں پرائیویسی اور رازداری کے سخت اصولوں کی تعمیل کرتی ہے۔

8. اگر میں شرکت کرنا نہ چاہوں تو کیا ہوگا؟

اپنے اسکول کو یہ بتانے کے لیے کہ آپ کالج کے لیے بچت پروگرام میں اپنے بچہ کا اندراج کروانا نہیں چاہتے ہیں، آپ کو لازماً 30 دنوں کے اندر ایک دستخط شدہ آپٹ آؤٹ فارم واپس کرنا چاہیے یا اپنے NYC اسکولز اکاؤنٹ (NYC Schools Account) میں آپٹ آؤٹ کرنا چاہیے۔ ان میں سے کوئی بھی اقدامات کرنے کا مطلب یہ ہے کہ آپ کا بچہ کوئی NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ (NYC Scholarship Account)، 100$ کی سرمایہ کاری، یا مستقبل کے فنڈز موصول نہیں کرے گا۔ مخصوص تفصیلات کے لیے براہ کرم اپنے بچے کے آپٹ آؤٹ فارم سے رجوع کریں یا schools.nyc.gov/learning/student-journey/college-and-career-planning/nyc-kids-rise-save-for-college-program ملاحظہ کریں۔

9. اگر میں ابھی کالج کے لیے بچت پروگرام میں شرکت نہ کرنے کا فیصلہ کروں تو کیا میں اپنے بچے کا اندراج بعد کی کسی تاریخ میں کروا سکتا ہوں؟

ہاں، وہ والدین اور سرپرست جو آپٹ آؤٹ کر چکے تھے مگر بعد میں ان کا ارادہ تبدیل ہو جاتا ہے اور وہ اپنے بچے کی شرکت کے خواہاں ہیں وہ بعد کی کسی تاریخ میں دوبارہ اندراج کرا سکتے ہیں۔ دوبارہ اندراج کرانے کے لیے فیملیز کے پاس ان کے بچے کا پانچویں گریڈ کا سال ختم ہونے تک وقت ہوتا ہے۔ مخصوص تفصیلات کے لیے schools.nyc.gov/learning/student-journey/college-and-career-planning/nyc-kids-rise-save-for-college-program ملاحظہ کریں۔

10. کیا میں آپٹ آؤٹ نوٹس کی آخری تاریخ کے بعد کالج کے لیے بچت پروگرام میں اپنے بچے کی شرکت منسوخ کر سکتا ہوں؟

ہاں، شروعاتی طور پر اندراج ہوجانے کے بعد آپ اپنے بچے کی شرکت منسوخ کر سکتے ہیں۔ مخصوص تفصیلات اور ہدایات کے لیے schools.nyc.gov/learning/student-journey/college-and-career-planning/nyc-kids-rise-save-for-college-program ملاحظہ کریں۔

11. امیگریشن کی حالت شرکت کرنے کی میری صلاحیت کو کس طرح متاثر کرتی ہے؟

یہ متاثر نہیں کرتی ہے! کالج کے لیے بچت پروگرام میں سبھی اہل طلبہ امیگریشن کی حالت سے قطع نظر حصّہ لے سکتے ہیں۔

فیملیوں کے لیے پروگرام میں اپنے بچے کا اندراج کرانے اور NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ (NYC Scholarship Account) حاصل کرنے کے لیے کوئی سوشل سیکورٹی نمبر سوشل سیکورٹی نمبر (Social Security Number, SSN) یا انفرادی ٹیکس دہندہ کا شناختی نمبر انفرادی ٹیکس دہندہ کا شناختی نمبر Individual Taxpayer Identification) (Number, ITIN فراہم کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

تاہم، جب آپ NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ کے ساتھ ساتھ بچت کرنے کے لیے کوئی کالج اور کیریئر کے لیے بچت اکاؤنٹ کھولنے پر غور کر رہے ہوں جس کے آپ اپنے بچے کے فائدہ کے لیے مالک ہوں تو براہ کرم نوٹ کر لیں کہ بچت اکاؤنٹ کے اختیارات کھولنے کے لیے کوئی سوشل سیکورٹی نمبر (SSN) یا انفرادی ٹیکس دہندہ کا شناختی نمبر (ITIN) ضروری ہے۔ اس کے علاوہ، اگر آپ کوئی *NY 529 Direct Plan* یا NY ABLE اکاؤنٹ اپنے بچت کے اختیار کے طور پر کھولنے اور مربوط کرنے کا فیصلہ کرتے ہیں تو آپ کو لازمی طور پر امریکہ کے کسی مصدقہ پتے کے ساتھ امریکی شہری یا مستقل مکین کی انٹرنل ریوینیو سروس (Internal Revenue Service, IRS) تعریف کو پورا کرنا چاہیے۔ اگر آپ کے پاس یہ معلومات نہیں ہیں تو فیملی کا کوئی فرد یا معتمد دوست آپ کے بچے کے لیے *NY 529 Direct Plan* اکاؤنٹ کھول سکتا ہے۔

آپ کے بچے کے مفت NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ موصول کرنے کے لیے آپ کو اپنا خود کا اکاؤنٹ کھولنے کی ضرورت نہیں ہےجو کہ NYC Kids RISE آپ کے بچے کے نام سے تخلیق اور اس کا نظم کرتی ہے۔

12. NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ کی ملکیت عوامی منفعتوں کے لیے کس طرح اہلیت کو متاثر کرتی ہے؟

چونکہ NYC اسکالرشپ اکاؤنٹس (NYC Scholarship Account) NYC Kids RISE کی زیر ملکیت اور اس کے زیر انتظام ہے، اسکالرشپ اکاؤنٹ کا مالک ہونے کا اثر کسی طالب علم کی یا فیملی کی عوامی منفعتوں کی درخواست

پر نہیں ہوتا ہے۔ اگر کوئی فیملی اپنے خود کے کالج اور کیریئر کے لیے بچت اکاؤنٹ میں رقم کی بچت کرتی ہے تو یہ اثاثہ مخصوص منفعتوں کو متاثر کر سکتا ہے۔ اس بابت مزید معلومات کے لیے کہ کس طرح اپنے خود کے کالج اور کیریئر کے لیے بچت اکاؤنٹ میں تعاون کرنا آپ کی منفعتوں کو متاثر کر سکتا ہے، nyckidsrise.org/download-resources/#additional-materials ملاحظہ کریں اور مزید معلومات کے لیے "کالج کے لیے بچت پروگرام اور عوامی منفعتیں" ("The Save for College Program and Public Benefits") نامی پرچہ ڈاؤن لوڈ کریں۔

13. کس طرح NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ کی ملکیت مالی امداد کے لیے اہلیت کو متاثر کرتی ہے؟

چونکہ NYC اسکالرشپ اکاؤنٹس (NYC Scholarship Account) NYC Kids RISE کی زیر ملکیت اور اس کے زیر انتظام ہے، اسکالرشپ اکاؤنٹ کا مالک ہونے کا اثر کسی طالب علم کی مالی امداد کے استحقاق پر نہیں ہوتا ہے جبکہ رقم اکاؤنٹ میں موجود ہوتی ہے۔ جیسے جیسے آپ کا بچہ کالج سے قریب تر ہوگا NYC Kids RISE اس بارے میں مزید معلومات فراہم کرے گی کس طرح آپ کے بچے کی تعلیم کے اسکالرشپ اکاؤنٹ کا استعمال کرنا رقم خرچ ہونے کے بعد مالی امداد کے لیے ان کی اہلیت کو متاثر کر سکتا ہے۔ اس کا کوئی اثر ہو بھی سکتا ہے اور نہیں بھی۔

اگر کوئی فیملی اپنے خود کے کالج اور کیریئر کے لیے بچت اکاؤنٹ میں رقم کی بچت کرتی ہے تو یہ بچتیں طالب علم کی مالی امداد کے پیکیج کو متاثر کر سکتی ہیں۔ اس بابت مزید معلومات کے لیے کہ کس طرح اپنے خود کے کالج اور کیریئر کے لیے بچت اکاؤنٹ میں تعاون کرنا مالی امداد کے موجودہ اصولوں کے تحت مالی امداد کے لیے آپ کے بچے کی اہلیتوں کو متاثر کر سکتا ہے، nyckidsrise.org/download-resources/#additional-materials ملاحظہ کریں اور مزید معلومات کے لیے "کالج کے لیے بچت پروگرام اور آئندہ مالی امداد" ("The Save for College Program and Impact on Future Financial Aid") نامی پرچہ ڈاؤن لوڈ کریں۔ براہ کرم نوٹ کر لیں کہ مالی امداد کے لیے یہ ضابطہ اکثر وقت کے ساتھ بدلتا رہتا ہے۔

14. کیا یہ اسکالرشپ میرے بچے کو مستقبل میں دیگر اسکالرشپس حاصل کرنے سے روک دے گی؟

NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ (NYC Scholarship Account) رکھنے کو آپ کے بچے کو مستقبل میں دوسری اسکالرشپس سے نہیں روکنا چاہئے، البتہ اس کا انحصار ان دیگر اسکالرشپوں کی شرائط پر ہو سکتا ہے۔ براہ کرم ان اسکالرشپوں کی شرائط کا جائزہ لیں۔

15. کالج کے لیے بچت پروگرام کس لیے تخلیق کیا گیا تھا؟

کسی بچے کے تعلیمی مستقبل کے لیے بچت کرنا دشوار ہو سکتا ہے۔ بہت ساری فیملیوں کے لیے، اپنے بچوں کو کالج بھیجنا ناممکن محسوس ہو سکتا ہے۔ NYC Kids RISE نے سٹی آف نیو یارک اور NYC محکمۂ تعلیم کے اشتراک سے کالج کے لیے بچت پروگرام شروع کیا تاکہ فیملیوں کی ان کے بچے کے اسکول کے پہلے ہی دن سے کالج اور کیریئر ٹریننگ کے لیے بچت اور منصوبہ بندی کرنا شروع کرنے میں مدد کی جا سکے۔ تحقیق سے پتہ چلتا ہے کہ ایسے بچے جن کے پاس کالج کے لیے کوئی ایسا بچت اکاؤنٹ ہو جس میں $1 سے $500 تک رقم ہو ان کے کالج میں اندراج کرانے کا امکان تین گنا زیادہ ہوتا ہے اور ان کے کالج کی تعلیم مکمل کرنے کا امکان چار گنا سے زیادہ ہوتا ہے۔ تحقیق سے یہ بھی ظاہر ہوتا ہے کہ وہ بچے جو کالج جاتے ہیں وہ اپنی زندگیوں میں زیادہ بڑی تنخواہیں پاتے ہیں اور ان کے بے روزگار ہونے کا امکان کم ہوتا ہے۔

مزید سیکھیں: اپنے بچے کے اسکول سے بات کریں یا NYC Kids RISE سے 833-543-7473 ، info@nyckidsrise.org پر رابطہ کریں یا nyckidsrise.org ملاحظہ کریں۔

NYC Kids RISE ایک غیر منفعتی تنظیم ہے جو سٹی آف نیو یارک اور محکمۂ تعلیم کے ساتھ مل کر کالج کے لیے بچت پروگرام چلاتی ہے۔

NYC Kids RISE کا کالج کے لیے بچت پروگرام ایک غیر منفعتی تنظیم، .NYC Kids RISE Inc کے زیر بندوبست، NYC محکمۂ تعلیم اور سٹی آف نیو یارک کے اشتراک سے ایک اسکالرشپ اور بچت پروگرام ہے۔ NYC Kids RISE نہ تو New York’s 529 College Savings Program سے الحاق یافتہ ہے نہ ہی اس کا مجاز تقسیم کار ہے اور یہ سرمایہ کاری کی وکالت نہیں کرتا ہے یا سرمایہ کاری کا مشورہ فراہم نہیں کرتا ہے۔ سٹی آف نیو یارک اور NYC محکمۂ تعلیم NY 529 Program پروگرام مینیجر اور کسی خاص کالج کے لیے بچت یا دیگر سرمایہ کاری کے وسیلے، بشمول کالج کے لیے بچت پروگرام کے ذریعے فیملیز کو جن وسائل کے بارے میں علم ہو سکتا ہے ان کی تائید یا ان کے بارے میں تجویز پیش نہیں کرتا ہے اور اس کا اس پر کوئی کنٹرول، اس کی ملکیت یا اس کے ساتھ کوئی الحاق نہیں ہے۔

NYC KiDS RiSE™

nyckidsrise.org

info@nyckidsrise.org
833-543-7473

@nyckidsrise

اردو | Urdu
October 2022